فن تفسیر | تالیف مرزا عزیز فیضانی صاحب وامپوری۔ ضخامت ۲۰۰ صفحات، قیمت ۱۲ ؍

ملنے کا پتہ:۔ مرزا محبوب عالم صاحب، بشیر بلڈنگ، بیرون موچی دروازہ۔ لاہور

یہ کتاب فن تفسیر پر ایک مختصر لیکن مفید تالیف ہے جس کے دو حصے کیے جا سکتے ہیں۔ پہلے حصے میں فن تفسیر پر تاریخی حیثیت سے روشنی ڈال کر یہ بتایا گیا ہے کہ دیگر ملتوں نے اپنی آسمانی کتابوں کی توضیح و تفسیر میں کس قدر بے اعتنائی اور سہل انگاری سے کام لیا ہے اور ان کے بالمقابل اہل اسلام نے قرآن کی تفسیر میں کس اہتمام اور کاوش کا مظاہرہ کیا ہے اور کن قدرتی وجوہ کی بنا پر۔ پھر دور آخر میں مسلمانوں نے بھی اس مقصدِ عظیم سے کیوں غفلت برتنی شروع کر دی۔ دوسرے حصہ میں اصول تفسیر پر بحث کر کے بتایا گیا ہے کہ قرآن کی تفسیر کرنے کے لیے کن باتوں کا لحاظ کرنا اور کن باتوں سے دماغ کو آزاد رکھنا ضروری ہے۔

جیسا کہ مصنف کو خود اعتراف ہے یہ کتاب فن تفسیر پر محض ایک مقدمہ یا تبصرہ کی حیثیت رکھتی ہے جس میں گو تعرض تمام اہم متعلقہ مباحث سے کیا گیا ہے مگر اس تفصیل اور متین جامعیت کا فقدان ہے جنکی ان مباحث کی اہمیت متقاضی ہے۔ تاہم کتاب کا افادی پہلو قابل اطمینان اور ان لوگوں کے لیے نفع بخش ہے جو اس علم سے دلچسپی رکھتے ہیں مگر اس کے اصلی مآخذ سے براہ راست استفادہ نہیں کر سکتے۔ کتاب کا نقطۂ نظر مجموعی حیثیت سے نہایت درست اور احتیاط پر مبنی ہے حتیٰ کہ بعض اوقات یہ احتیاط کوشی قدامت پرستی کا رنگ اختیار کر گئی ہے۔ بعض الفاظ آیات کا املا غلط چھپ گیا ہے۔ ایک جگہ "قَاتِلُوا" کا ترجمہ "قتل کرو" کیا گیا ہے حالانکہ "جنگ کرو" کرنا چاہیے۔ لفظ سنت اور حدیث کو گو عام لوگ ایک معنی میں بولا کرتے ہیں مگر درحقیقت دونوں میں فرق ہے۔ اہل علم کو اس کا لحاظ رکھنا چاہیے۔

اسلامی معاشرت | تالیف چودھری غلام احمد صاحب پرویز۔ ضخامت ۶۰ صفحات۔ ۴ ؍ کے ٹکٹ ارسال کرنے پر دفتر طلوع اسلام، بلیماران دہلی سے مل سکتا ہے۔

یہ ایک اجمالی خاکہ ہے اسلامی آداب اخلاق و معاشرت کا جسے قرآن پاک کی آیات سے مرتب کیا گیا ہے